مدھیہ پردیش اردو اکادمی

مدھیہ پردیش سنسکرتی پریشد، محکمہ ثقافت، بھوپال

ملا رموزی سنسکرتی بھون، بان گنگا چوراہا، بھوپال۔

سالانہ اعزازات کے ضوابط اور شرائط

۱۔ اکادمی کے اعزازی منصوبے میں حصہ لینے کے لئے یکم جنوری، ۲۰۲۳ء سے ۳۱/دسمبر، ۲۰۲۳ء کے درمیان رواں سال میں شائع شدہ کتابیں ۱۲/فروری، ۲۰۲۴ء تک شامل کی جاسکیں گی۔ کتاب کا پہلا ایڈیشن ہی قابل قبول ہوگا، اس کے بعد کے ایڈیشن قبول نہیں کیے جائیں گے۔ تخلیق کار کا مکمل تعارف بھی ساتھ رہے گا۔

۲۔ صوبائی اعزازات صوبے کے تخلیق کاروں کے لئے ہی ہیں۔ صوبے کے تخلیق کار کا مطلب ہے کہ اس کی پیدائش مدھیہ پردیش میں ہوئی ہو یا گزشتہ دس برسوں میں صوبے میں رہتے ہوئے کوئی تخلیقی کام کیا ہو۔ ساتھ ہی رہائشی سرٹیفکیٹ منسلک ہونا بھی ضروری ہے۔

۳۔ جو تخلیق کار اکادمی کے کل ہند اعزازات سے نوازے جائیں گے، مستقبل میں ان کی تخلیقات پر غور نہیں کیا جائے گا، لیکن جن تخلیق کاروں کو صوبائی اعزاز سے نوازا جائے گا، وہ کل ہند اعزاز کے لئے حاصل شدہ اعزاز کے پانچ سال بعد ہی حصہ لے سکتے ہیں۔ اس کے لئے سرٹیفکیٹ دینا ہوگا۔

۴۔ بھیجی گئی کتاب پر قلمکار کی تحریری رضامندی ہونا ضروری ہے۔

۵۔ اعزاز کے لئے صرف شائع شدہ کتابیں ہی قبول کی جائیں گی۔

۶۔ ہر ایک اعزاز کے لئے دیے گئے ڈکلریشن فارم میں کتاب کا نام، قلمکار کا نام، پورا پتہ، سال اشاعت، بھیجنے والے کا نام، موبائل نمبر کے ساتھ دستخط شدہ فارم ہر کتاب کے پہلے صفحہ پر اور بنڈل پر منسلک کرنا (چسپاں کرنا) ضروری ہے۔

۷۔ ایسی کتابیں جو اکادمی کے مالی تعاون سے شائع ہو چکی ہیں (یا یونیورسٹی میں تحقیق اور پی ایچ ڈی کے لئے جمع کی جا چکی ہیں) قبول نہیں کی جائیں گی۔

۸۔ اعزاز کے لئے بھیجی گئیں کتابیں واپس نہیں کی جائیں گی اور نہ ہی خریدی جائیں گی۔

۹۔ اکادمی کے ذریعے جاری کیے گئے اشتہار/خبر میں کتابیں حاصل ہونے کی آخری تاریخ تک ہی کتابیں قبول کی جائیں گی۔ ڈاک کی تاخیر یا کتابیں گم ہو جاتی ہیں تو اس کے لیے اکادمی ذمہ دار نہیں ہوگی۔

۱۰۔ محکمۂ ثقافت حکومت مدھیہ پردیش کے ملازمین اعزازی منصوبے میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔

۱۱۔ تخلیق کار ایک کتاب کو ایک ہی اعزاز کے لئے بھیجیں۔ قومی اور صوبائی اعزازات کے لئے ایک تخلیق کار کی ایک ہی تخلیق قابل قبول ہوگی۔

۱۲۔ کتابوں کی جانچ پرکھ کے لئے حکومت کے ذریعے تشکیل دی گئی جیوری کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ موصول شدہ کتابوں میں سے تخلیقات کے معیار اور تخلیق کار کے مکمل بائیوڈاٹا اور حیات و خدمات کی بنا پر انتخاب کرے۔ ایک کتاب موصول ہونے پر وہ اعزاز صفر مانا جائے گا۔ یہ اختیار پوری طرح جیوری کا ہوگا۔

۱۳۔ اگر کسی اعزاز کے لئے متعینہ صنف پر مبنی کتاب اکادمی کو موصول نہیں ہوتی ہے تو جانچ کے لئے تشکیل دی گئی جیوری کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ دیگر اصناف پر موصول شدہ کتابوں میں سے کسی ایک کا انتخاب متعینہ اعزاز کے لئے کر لے۔

۱۴۔ اعزاز کے تعلق سے اکادمی کا فیصلہ حتمی اور قابل قبول ہوگا۔

۱۵۔ ہر ایک اعزاز کے لئے کتابوں کی چار کاپیاں بھیجنی ہوگی۔ پیکٹ پر اعزاز کا نام ضرور لکھیں ورنہ داخلہ منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ کتابیں ڈائریکٹر، مدھیہ پردیش اردو اکادمی، ملا رموزی سنسکرتی بھون، بان گنگا روڈ، بھوپال۔ 462003 کے پتے پر بھیجیں۔ معلومات کے لئے اکادمی دفتر کے ٹیلی فون نمبر 2551691—0755 پر بات کر سکتے ہیں۔

ڈائریکٹر،

مدھیہ پردیش اردو اکادمی،

بھوپال